علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ: 1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔ 2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: عربی زبان وادب۔ النثر والشعر (4640) **سمسٹر: بہار، 2026**

سطح: ایم اے علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1
(یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ تصوف کا مفہوم واضح کریں، نیز امام غزالیؒ اور ان کی کتاب احیاعلوم الدین کا جامع تعارف تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ عربی گرامر میں ضمیر کا مفہوم واضح کریں، نیز ضمیر متصل اور منفصل کا مفہوم اور ان کی اقسام واضح مثالوں کے ساتھ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ فنِ سیرت کا مفہوم واضح کریں، نیز تیسری صدی میں سیرت پر لکھی جانے والی کوئی سی دو کتبِ سیرت کا جامع تعارف تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ تاریخ اسلام سے کیا مراد ہے؟ فنِ تاریخ پر لکھی جانے والی کتب کی جامع فہرست بنائیں، اور کوئی سی دو کتب کا تعارف تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مرفوع کا مفہوم واضح کریں، نیز مرفوعات کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کی تعریف اور مثالیں واضح اعراب کے ساتھ جدول میں تحریر کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2
(یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر 1۔ منصوب سے کیا مراد ہے؟ مفہوم واضح کریں، نیز منصوبات کتنے اور کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کی تعریف اور مثالیں، واضح اعراب کے ساتھ جدول میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ عربی ادب سے کیا مراد ہے؟ جامع نوٹ لکھیں۔ نیز ڈاکٹر طٰہٰ حسین کا تعارف اور عربی ادب کی ترویج میں ان کا کردار واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ مجرور سے کیا مراد ہے؟ مجرورات کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کی پانچ پانچ مثالیں واضح اعراب کے ساتھ الگ الگ جدول میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ معرب اور مبنی کی وضاحت کریں، نیز ان کی اقسام اور مثالیں واضح اعراب کے ساتھ جدول میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ اسباب منع صرف کون کون سے ہیں؟ ہر ایک کی وضاحت کریں، نیز ہر ایک کی دو دو مثالیں واضح اعراب کے ساتھ جدول میں تحریر کریں۔ (20)